SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
December 26, 2016

# ایس ای سی پی نے کاروبار کے فروغ کے لئے اصلاحات متعارف کروادیں

اسلام آباد: ۲۶ دسمبر: ملک میں دستاویزی معیشت اور کارپوٹائزیشن کے فروغ اور نئے کاروبار کی رجسٹریشن کو آسان اور سہل بنانے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ایک دن کے اندر اندر کمپنی رجسٹریشن کو یقینی بنانے کے لئے کمپنی رجسٹریشن کے نظام میں اصلاحات متعارف کروادی ہیں۔ چنانچہ خصوصی طور پر لاہور، اسلام آباد اور کراچی کے کمپنی رجسٹریشن کے دفاتر میں سہولت ڈیسک قائم کر دئے ہیں۔

کاروبار اور بزنس کی رجسٹریشن کا آسان اور سادہ طریقہ کار نہ صرف سرمایہ کاروں کے لئے کاروبار کرنے کو آسان بناتا ہے بلکہ ان کاروباری اداروں میں کام کرنے والے افراد اور مزدوروں کے لئے فائدہ ثابت ہوتا ہے اور بہتر ملازمت کے زیادہ سے زیادہ مواقع اور زیادہ پیداوار کا سبب ہوتا ہے۔

اسی حقیقت کے پیش نظر، سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ملک میں نئے کاروبار کے آغاز کو سہل اور سادہ بنانے کے لئے اصلاحات متعارف کرواتے ہوئے اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں واقع تین بڑے کمپنی رجسٹریشن کے دفاتر میں سرمایہ کاروں کو سہولت اور فوری معلومات کی فراہمی کے لئے سہولت ڈیسک اور رجسٹریشن ڈیسک قائم کر دئے ہیں جو کہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپنیاں ایک دن کے اندر اندر رجسٹر ہو جائیں۔

مزید، کاروبار کو شروع کرنے کے وقت کو مختصر کرنے کے لئے اور رجسٹریشن کی تمام دستاویزات آن لائن جمع کروانے کی صورت میں کمپنی کی رجسٹریشن ایک دن کی مختصر مدت میں ہو سکے گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

کاروبار کی آسان اور تیز رجسٹریشن ملک کی کارپوٹائزیشن کے فروغ کا باعث ہو گی۔ اس کے علاوہ متعدد دیگر اصلاحات بھی متعارف کروائی گئیں ہیں جن میں چھوٹی کمپنیوں کی رجسٹریشن اور سالانہ ریٹرن جمع کروانے کی فیس میں قابل ذکر کمی، کمپنی کی رجسٹریشن کی دستاویزات کے ساتھ، رجسٹریشن کی تصدیق شدہ نقول کی مفت فراہمی، کمپنی کے لئے نام کے اجرا اور کمپنی کی رجسٹریشن کے الگ الگ نظام کو اکٹھا کرنے سے رجسٹریشن کے وقت میں کمی وغیرہ شامل ہیں۔

ایس ای سی پی نے ملک کے مختلف حصوں میں اپنی موجودگی بڑھانے کے لئے گلگت بلتستان میں کمپنی رجسٹریشن دفتر قائم کر دیا ہے جبکہ ایبٹ آباد میں کیپٹل مارکیٹ مرکز اور سیالکوٹ میں سہولت مرکز قائم کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ تمام اقدامات اور اصلاحات سرمایہ کاروں کو بہترین کاروباری ماحول فراہم کریں گے، اور ملکی معیشت کو دستاویزی شکل دینے اور کاروبار شروع کرنے میں معاون و مددگار ہوں گے۔ ان اقدامات سے ورلڈ بنک کے نزدیک پاکستان کی رینکنگ بہتر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

---

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254